دار العلوم کے شب و روز

شفیق الدین فاروقی

<u>دار العلوم کی تعلیمی کمیٹی کا اجلاس</u> : جمعرات 28 اکتوبر دار العلوم کے مرکزی کتب خانے میں نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ کی زیر صدارت امتحانی کمیٹی کا خصوصی اجلاس منعقد ہوا جسمیں امتحانات کے انتظامات کا خصوصی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں دار العلوم کے اساتذہ اور ناظمین نے شرکت کی۔

<u>دار العلوم میں سالانہ اور وفاق المدارس کے امتحانات</u> : آج 30 اکتوبر بروز ہفتہ دار العلوم کے سالانہ امتحانات کا آغاز ہوا۔ دار العلوم کے تمام درجات کے طالب علم ایوان شریعت کے وسیع و عریض ہال میں اساتذہ کی کڑی نگرانی میں پرچے دے رہے ہیں۔ یہ امتحانات پانچ دن جاری رہیں گے۔ کئی درجوں کے طلباء کے پرچے ظہر کے وقت بھی ہو رہے ہیں۔ آئندہ ہفتے 6 نومبر سے دار العلوم میں وفاق المدارس کے امتحانات شروع ہونے والے ہیں۔ اسکے بعد طلباء کی ڈھائی مہینوں کی چھٹیاں ہونگی۔ لیکن تعطیلات کے دوران میں بھی دار العلوم حقانیہ کی جامعہ مسجد میں حضرت مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب مدظلہ دورہ تفسیر پڑھائیں گے۔ جس میں سینکڑوں طلباء شریک ہوتے ہیں۔ اسکے علاوہ ابھی حال ہی میں جامعۃ الازہر (مصر) سے آئے ہوئے اساتذہ شیخ محمد البدر الشلطوطی اور الشیخ جمال الجمام بھی خصوصی عربی کلاسیں پڑھائیں گے۔

<u>افغانستان کے نئے سفیر مولانا سید احمد حقانی کی اسلام آباد میں تقرری</u> : تحریک طالبان کے امیر المومنین جناب مولانا محمد عمر صاحب مدظلہ نے پاکستان کیلئے نئے ہائی کمشنر فاضل دار العلوم حقانیہ مولانا سید احمد حقانی کا تقرر فرمایا ہے۔ جو آئندہ چند روز میں اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ موجودہ سفیر مولانا سیعد الرحمان حقانی اور ماضی میں بھی دار العلوم کے ہونہار فاضل جناب شہاب الدین حقانی اس اعلیٰ ترین عہدے پر اپنے فرائض سرانجام دیتے رہے ہیں۔ الحمد للہ تحریک طالبان کے نوے فیصد دار العلوم حقانیہ کے فارغ التحصیل ہیں اور ملک کے تمام اعلیٰ عہدوں پر اپنی خدمات